यहाँ से काटिए

**Sl.No.:**

नामांक Roll No.

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 28

No. of Printed Pages - 7

**SS-22-Urdu Sah.**

# SENIOR SECONDARY EXAMINATION - 2018

# URDU SAHITYA

Time :3¼ Hours

Maximum Marks : 80

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

प्रश्न पत्र को खोलने के लिए यहाँ फाड़ें

طلبہ کے لئے ہدایات :

(i) طلبہ / طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) سوالوں کے جوابات خوشخط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vi) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

Tear Here

**نوٹ:۔** مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک سطر میں لکھیے :۔

1. اردو کا پہلا ناول نگار کون ہے؟ [1]

2. سریندر پرکاش کب پیدا ہوئے؟ [1]

3. میاں داد خاں سیّاح کو کس نے خط لکھا؟ [1]

4. مضمون 'خطاب بہ طلبا' کے مصنف کا نام لکھیے۔ [1]

5. پطرس کے مضامین کا مجموعہ کس عنوان سے شائع ہوا؟ [1]

6. غزل کس زبان کا لفظ ہے؟ [1]

7. داغؔ دہلوی کہاں پیدا ہوئے؟ [1]

8. قصیدہ ''ساون میں دیا پھر مہِ شوّال دکھائی'' کس کی مدح میں لکھا گیا؟ [1]

9. حالی کی کسی ایک مشہور نظم کا نام لکھیے۔ [1]

10. نظم ''بیادِ اجمیر'' کے شاعر کا نام کیا ہے؟ [1]

نوٹ:- مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات دو سطروں میں لکھیے:-

11. اکبر رگھوپت کی کس بات سے متاثر ہوا؟ [2]

12. ''دانہ ڈالنا'' محاورے کا مطلب لکھتے ہوئے اُسے اپنے جملے میں استعمال کیجیے۔ [2]

13. مولانا آزادؔ کے مطابق سچی عظمت کیا ہے؟ [2]

14. جگرؔ مرادآبادی کی دو تخلیقات کے نام بتائیے۔ [2]

15. سوداؔ نے اپنا تخلص سوداؔ کیوں رکھا تھا؟ [2]

16. اردو کے دو مشہور مرثیہ نگاروں کے نام بتائیے۔ [2]

17. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:- [4]

عجب طرح کا غم ہوا جس کا بیان نہیں کرسکتا ایک بارگی یتیم ہوگیا۔ کوئی سر پر بوڑھا بڑا نہ رہا۔ اس مصیبتِ ناگہانی سے رات دن رویا کرتا' کھانا پینا سب چھوٹ گیا۔ چالیس دن جوں توں کر کٹے چہلم میں اپنے بیگانے چھوٹے بڑے جمع ہوئے۔ جب فاتحہ سے فراغت ہوئی' سب نے فقیر کو باپ کی پگڑی بندھوائی اور سمجھایا۔ دنیا میں سب کے ماں باپ مرتے آئے ہیں اور

اپنے تئیں بھی ایک روز مرنا ہے۔ پس صبر کرو، اپنے گھر کو دیکھو، اب باپ کی جگہ تم سردار ہوئے۔
اپنے کاروبار لین دین سے ہشیار رہو۔ تسلی دے کر وہ رخصت ہوئے۔

یا

ہمارے کالجوں کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو تعلیم ختم کرنے کے بعد اصلی اور زندہ دنیا میں داخل ہونا ہے۔ اگر وہ اس کے لیے تیاری نہ کریں تو پھر ان کا ناکام ہونا اور شکست پانا ضروری ہے۔ اس دنیا میں کامیاب ہونے کے لیے جن اصولوں کی ضرورت ہے وہ کالجوں کے احاطے میں بتائے نہیں جاتے۔ موجودہ طرزِ تعلیم سے وہ اخلاقی تربیت نہیں ہو سکتی جو ان کو اصلی اور زندہ دنیا میں کامیاب کرے۔ یہ تربیت ہوشیاری کے ساتھ خود اصلی اور زندہ دنیا ہی میں داخل ہونے سے مل سکتی ہے۔

18. مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے:۔ [4]

روکر کہا خموش کھڑے کیوں ہو میری جاں
میں جانتی ہوں جس لیے آئے ہو تم یہاں
سب کو خوشی یہی ہے تو صحرا کو ہو رواں
لیکن میں اپنے منہ سے نہ ہرگز کہوں گی ہاں
کس طرح بن میں آنکھوں کے تارے کو بھیج دوں
جوگی بنا کے راج دُلارے کو بھیج دوں

یا

مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے :۔

(i) ذکرِ اغیار سے ہُوا معلوم حرفِ ناصح برا نہیں ہوتا

(ii) اس دور میں زندگی بشر کی بیمار کی رات ہوگئی ہے

19. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے :۔ [4]

(i) 'بجوکا'

(ii) 'مرزا ظاہر دار بیگ'

20. مندرجہ ذیل منظومات میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے :۔ [4]

(i) 'روضۂ تاج گنج'

(ii) 'جدید ترقیات'

21. مندرجہ ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے :۔ [4]

(i) مختصر افسانہ

(ii) ناول

22. مندرجہ ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک صنف پر تفصیلی نوٹ لکھیے :۔ [4]

(i) غزل

(ii) نظم

23. تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ تعریف مع مثال لکھیے۔ [4]

24. حسنِ تعلیل کسے کہتے ہیں؟ تعریف لکھیے اور شعر سے مثال بھی پیش کیجیے۔ [4]

25. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے:- [6]

(i) منشی پریم چند

(ii) مولانا ابوالکلام آزادؔ

26. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے:- [6]

(i) مرزا غالبؔ

(ii) علامہؒ اقبالؔ

27. علی گڑھ تحریک سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مفصل نوٹ لکھیے۔ [6]

یا

فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا مفصل جائزہ لیجیے۔

28. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے :۔ [8]

(i) تعلیم نسواں

(ii) صفائی کی اہمیت اور افادیت

(iii) میری پسندیدہ ادبی شخصیت

(iv) دورِ حاضر میں انٹرنٹ کی افادیت اور نقصانات

✔ ✔ ✔ ✔